نوابشاہ، کراچی اور اسلام آباد سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار
ABC CERTIFIED

DAILY PARWAN

روزنامہ پروان کراچی

ایڈیٹر: رحمٰن ملک

رجسٹرڈ نمبر 3316

Ph: 021-36450705

جلد نمبر 7 | منگل 6 دسمبر 2022ء، 11 جمادی الاول 1444ھ، (قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 36

وفاقی محتسب پاکستان کی ہدایت پر ریجنل آفس کراچی کے مشیر ہارون خان سٹی اسٹیشن کا دورہ کے بعد میٹنگ کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے مشیر ہارون خان کا سٹی اسٹیشن کراچی کا دورہ

گریجویشن ۔جی پی فنڈز۔پنشن اور دیگر اہم امور کے بارے میں معلومات لی گئیں

کراچی (نامہ نگار) وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کراچی ریجنل آفس کے مشیر ہارون احمد خان پاکستان ریلوے کراچی سٹی اسٹیشن پہنچے اور مختلف مقامات کا معائنہ کیا۔ سٹی اسٹیشن پر ڈی ایس ریلوے کے دفتر پہنچے جہاں ڈی ایس ریلوے سے سٹی اسٹیشن کے مسائل۔ مسافروں کو سفری سہولیات اور ریلوے ملازمین کی ریٹائرمنٹ۔ ان کی گریجویشن ۔جی پی فنڈز۔ پنشن اور دیگر اہم امور کے بارے میں معلومات لی گئیں۔ وفاقی محتسب کے مشیر ڈی ایس آفس کے مختلف سیکشنز کا بھی جائزہ لیا۔ وفاقی محتسب ریجنل آفس کے کنسلٹنٹ ہارون احمد خان نے سٹی اسٹیشن کے پلیٹ فارم اور عمارت کا معائنہ کیا۔ جہاں صفائی ستھرائی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب کے مشیر نے سٹی ریلوے کی انتظامیہ کو پلیٹ فارم پر صفائی کے انتظامات کو بہتر بناتے اور مسافروں کے ویٹنگ ایریا میں صفائی کے انتظامات کو بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ پلیٹ فارم اور عمارتوں کے قرب و جوار میں سیوریج کے نظام کو بہتر بنانے کی بھی ہدایات دی گئیں۔ ہارون احمد خان نے سٹی سٹیشن پر موجود گوداموں کا بھی معائنہ کیا اور وہاں موجود ریلوے عملے کو لاہور پنڈی اور دیگر شہروں سے آنے والے سامان کی حفاظت کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ریلوے انتظامیہ کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سٹی ریلوے سٹیشن پر جو بھی ہدایات جاری کی گئی ہیں ان پر فوری عمل درآمد کیا جائے اور ایسی رپورٹ وفاقی محتسب اسلام آباد کو بھی بھجوائی جائے گی۔ اور ریلوے ملازمین کے مسائل فوری حل کئے جائیں۔ میڈیا فوکل پرسن تقی محمد سومرو بھی ان کے ہمراہ تھے۔